سوال

(69) عوام الناس میں مقبول سماجی و سیاسی شخصیت کے کسی عزیز کی فوتگی پر جنازہ میں شرکت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کچھ لوگ ایسے معروف ہوتے ہیں کہ سیاسی، سماجی حیثیت میں بہت مقبول ہوتے ہیں، ہر مسلک کے لوگوں سے ان کے تعلقات استوار ہوتے ہیں، ان کا کوئی عزیز مر جائے تو بلا تمیز مسلک و عقیدہ لوگ اس جنازہ میں صرف تعلقات نبھانے کی خاطر چلے جاتے ہیں اس طرح کے جنازے میں اہل علم و شعور کو شامل ہونا چاہیے یا نہیں؟ (عبدالرزاق اختر۔ رحیم یار خان) (۸جون ۲۰۰۱ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرے تو شرکت میں کوئی حرج نہیں۔ بشرطیکہ بذاتِ خود ان کی شرکیات اور بدعات سے اجتناب کرے۔ اگر دینی فرض ادا نہیں کر سکتا تو پھر شریک نہیں ہونا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 127

محدث فتویٰ